© rasailojaraid.com

بصیرت اور وسیع المطالعہ ہیں، اس لیے وہ متقدمین و متاخرین کی کتابوں کے کمزور پہلوؤں کی نشاندہی بھی کرتی ہیں اور پھر مبحث کو کسی فیصلہ کن مرحلہ میں داخل کرنے کے لیے وہ اپنی ٹھوس اور مدلل رائے بھی پیش کرتی ہیں۔ ان کا طرز استدلال اور انداز نگارش بھی منفرد ہے، ابتداء کتاب میں تقریباً چالیس صفحات پر مشتمل مقدمہ میں مصنفہ نے زیر بحث موضوع پر دستیاب کتب کا ناقدانہ جائزہ لے کر، ان کی خوبیوں اور خامیوں کی نشاندہی کی ہے، اس کے بعد اصل موضوع کا آغاز ہوتا ہے۔ یہ جاننے کے لیے کہ موضوع کے کن پہلوؤں پر بحث و تحقیق کی گئی ہے کتاب کے چیدہ چیدہ عنوانات کی فہرست پر ایک نظر ڈالیے؟

**تسکین حج و عمرہ مع خواتین کے خصوصی مسائل، تالیف: محترمہ بیگم ظریف احمد تھانوی، ناشر: عاصم پرنٹرز، صفحات: ۶۱۹، قیمت: درج نہیں**

محترمہ بیگم ظریف احمد تھانوی کا شمار ان نیک بخت خواتین میں ہوتا ہے، جنھوں نے حضرت ڈاکٹر عبدالحئی عارفی رحمۃ اللہ علیہ سے بیعت وارادت کا رشتہ استوار کیا اور ان کی تربیت میں تصوف اور سلوک واحسان کے منازل طے کیے۔ وہ گزشتہ تیس برس سے گلشن اقبال کی ایک جامع مسجد میں خواتین کے ہفتہ وار اجتماع سے خطاب بھی کرتی چلی آ رہی ہیں، جس میں خواتین کی اصلاح و تربیت کے ساتھ انھوں نے خواتین کے طریقہ حج و عمرہ اور حج و عمرہ کے ایام میں خواتین کو لمحہ بہ لمحہ پیش آنے والے مسائل میں تفصیل سے رہنمائی کی۔ ارادت مند خواتین نے ان کے بیانات کیسٹ سے کاغذ پر منتقل کیے۔ محترمہ نے ان بیانات پر اصلاح و ترمیم کا کام کیا اور اکابر کی معتبر کتابوں سے مزید اضافے کیے، یوں خواتین کے مسائل حج و عمرہ سے متعلق ایک ضخیم کتاب تیار ہو گئی۔

کتاب کے چار حصے ہیں۔ حصہ اول میں تاریخ کے مختلف ادوار میں مسجد حرام کی تعمیر و بنا کی تفصیلات بیان کی گئی ہیں۔ اس حصہ میں مختصراً مسجد حرام میں نماز و عبادت کی فضیلت اور ثواب کا ذکر بھی آ گیا ہے۔ حصہ دوم وسوم میں حج و عمرہ کی فرضیت، سنن و آداب، مقامات مقدسہ کا تعارف، خواتین کے طریقہ حج و عمرہ اور ایام حج میں خواتین کے مسائل پر شرح و بسط کے ساتھ لکھا گیا ہے۔ دوران حج و عمرہ خواتین کے سامنے کس طرح کے مسائل پیش آ سکتے ہیں اور کیسے حالات سے ان کا پالا پڑتا ہے ظاہر ہے خواتین کی نفسیات اور مسائل سے ایک خاتون ہی زیادہ واقف ہو سکتی ہے، اس کتاب کی یہی نمایاں خصوصیت ہے کہ اس میں خواتین کے طریقہ حج و عمرہ پر ایک فاضل خاتون نے قلم اٹھایا ہے اور ان کی بھر پور رہنمائی کی ہے۔ ہماری رائے ہے کہ حج و عمرہ پر جانے والی خواتین سفرِ حج پر روانہ ہونے سے قبل اور دورانِ سفر اس کتاب سے ضرور استفادہ کریں۔

کتاب کے آخر میں حجاج کی سہولت کے لیے اردو ترجمہ کے ساتھ ایسے عربی الفاظ اعداد و شمار (ہندسوں) اور جملوں کی فہرست بھی دی گئی ہے، جو ایام حج و عمرہ میں ضرورت کے تحت استعمال ہو سکتے ہیں۔

کتاب امپورٹڈ کاغذ پر چھپی ہے اور اس کی جلد بندی، طباعت وغیرہ سلیقہ اور معیار کی ہے۔



© rasailojaraid.com